روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

بدھ 16 مارچ 2005ء 3 صفر 1426 ہجری 16 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 95

میں تیرا فرمانبردار ہوں

حضرت علیؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ حالت رکوع میں یہ دعا کیا کرتے تھے۔

اے اللہ تیری خاطر میں نے رکوع کیا اور تجھ پر ایمان لایا اور میں تیرا ہی فرمانبردار ہوں۔ میرے کان اور میری آنکھیں اور میرا دماغ اور ہڈیاں اور اعصاب تیری اطاعت میں جھک چکے ہیں۔

(صحیح مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین باب الدعاء فی صلوٰۃ الیل حدیث نمبر 1290)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

سچے تقویٰ کے بغیر کوئی راحت اور خوشی مل ہی نہیں سکتی' تو معلوم کرنا چاہئے کہ تقویٰ کے بہت سے شعبے ہیں جو عنکبوت کے تاروں کی طرح پھیلے ہوئے ہیں۔ تقویٰ تمام جوارح انسانی اور عقائد زبان اخلاق وغیرہ سے متعلق ہے۔ نازک ترین معاملہ زبان سے ہے۔ بسا اوقات تقویٰ کو دور کرکے ایک بات کہتا ہے اور دل میں خوش ہو جاتا ہے کہ میں نے یوں کہا اور ایسا کہا؛ حالانکہ وہ بات بری ہوتی ہے۔ مجھے اس پر ایک نقل یاد آئی ہے کہ ایک بزرگ کی کسی دنیادار نے دعوت کی۔ جب وہ بزرگ کھانا کھانے کے لئے تشریف لے گئے تو اس متکبر دنیادار نے اپنے نوکر کو کہا کہ فلاں تھال لانا جو ہم پہلے حج میں لائے تھے اور پھر کہا دوسرا تھال بھی لانا جو دوسرے حج میں لائے تھے اور پھر کہا کہ تیسرے حج والا بھی لیتے آنا۔ اس بزرگ نے فرمایا کہ تو تو بہت ہی قابل رحم ہے۔ ان تین فقروں میں تو نے اپنے تین ہی حجوں کا ستیاناس کر دیا۔ تیرا مطلب اس سے صرف یہ تھا کہ تو اس امر کا اظہار کرے کہ تو نے تین حج کیے ہیں۔ اس لئے خدا نے تعلیم دی ہے کہ زبان کو سنبھال کر رکھا جائے اور بے معنی' بیہودہ' بے موقع غیر ضروری باتوں سے احتراز کیا جائے۔

دیکھو۔ اللہ تعالیٰ نے ایاك نعبد کی تعلیم دی ہے۔ اب ممکن تھا کہ انسان اپنی قوت پر بھروسہ کر لیتا اور خدا سے دور ہو جاتا' اس لئے ساتھ ہی ایاك نستعین کی تعلیم دے دی کہ یہ مت سمجھو کہ یہ عبادت جو میں کرتا ہوں اپنی قوت اور طاقت سے کرتا ہوں' ہرگز نہیں' بلکہ اللہ تعالیٰ کی استعانت جب تک نہ ہو اور خود وہ پاک ذات جب تک توفیق اور طاقت نہ دے' کچھ بھی نہیں ہو سکتا اور پھر ایاك اعبد یا ایاك استعین نہیں کہا۔ اس لئے کہ اس میں نفس کے تقدم کی بو آتی تھی اور یہ تقویٰ کے خلاف ہے۔ تقویٰ والا کل انسانوں کو لیتا ہے۔ زبان سے ہی انسان تقویٰ سے دور چلا جاتا ہے۔ زبان سے تکبر کر لیتا ہے اور زبان سے ہی فرعونی صفات آ جاتی ہیں اور اسی زبان کی وجہ سے پوشیدہ اعمال کو ریاکاری سے بدل لیتا ہے اور زبان کا زیاں بہت جلد پیدا ہوتا ہے۔ حدیث شریف میں آیا ہے کہ جو شخص ناف کے نیچے کے عضو اور زبان کو شر سے بچاتا ہے اس کی بہشت کا ذمہ دار میں ہوں۔ حرام خوری اس قدر نقصان نہیں پہنچاتی جیسے قول زور۔ اس سے کوئی یہ نہ سمجھ بیٹھے کہ حرام خوری اچھی چیز ہے۔ یہ سخت غلطی ہے' اگر کوئی ایسا سمجھے۔ میرا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص جو اضطراراً سؤر کھا لے' تو یہ امر دیگر ہے۔ لیکن اگر وہ اپنی زبان سے خنزیر کا فتویٰ دے دے تو وہ (دین) سے دور نکل جاتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حرام کو حلال ٹھہراتا ہے۔ غرض اس سے معلوم ہوا کہ زبان کا زیان خطرناک ہے۔ اس لئے متقی اپنی زبان کو بہت ہی قابو میں رکھتا ہے۔ اس کے منہ سے کوئی ایسی بات نہیں نکلتی' جو تقویٰ کے خلاف ہو۔ پس تم اپنی زبان پر حکومت کرو۔ نہ یہ کہ زبانیں تم پر حکومت کریں اور اناپ شناپ بولتے رہو۔

(ملفوظات جلد اول ص 280)

تحریک جدید کے قیام کی غرض

سیدنا حضرت مصلح موعود نے تحریک جدید کے قیام کی غرض بیان کرتے ہوئے فرمایا:۔

اللہ تعالیٰ نے ہماری جماعت کو محض اس لئے قائم کیا ہے کہ وہ اخلاق حسنہ دنیا میں قائم کرے جو آج معدوم نظر آتے ہیں۔ یہی غرض میری تحریک جدید کے قیام کی تھی۔ چنانچہ تحریک جدید کے جو اصول مقرر کئے گئے تھے ان میں جہاں یہ امر مدِ نظر رکھا گیا تھا کہ جماعت اپنے حالات کو بدلنے کی کوشش کرے وہاں امر کو بھی مدنظر رکھا گیا تھا کہ ان اصولوں پر عمل کرنے کے نتیجے میں جماعت کو اپنی ذمہ داری کی ادائیگی کے زیادہ سے زیادہ سامان میسر آسکیں۔" (مطالبات ص 173)

اس ارشاد کی روشنی میں ہر جماعت جائزہ لے کہ ہمارے محبوب امام ایدہ اللہ تعالیٰ نے 5 نومبر 2004ء کو جو تحریک جدید کے بارے میں خطبہ ارشاد فرمایا تھا ان ذمہ داریوں کی ادائیگی میں ہم کہاں تک کامیاب ہو سکے ہیں۔ مالی قربانی کے مطالبہ پر کیا جماعت کی طرف سے وقت کے تقاضے کے مطابق حضور کی خدمت میں وعدے پیش کئے جا چکے ہیں۔ کیا تحریک جدید کی ضرورتوں کے مطابق وعدوں کی رقم مرکز میں بھجوائی جا چکی ہے۔ ان امور پر غور کرکے جہاں بھی کمی نظر آئے جماعتوں کو تلافی مافات کرنے کی کوشش کرنی چاہئے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو بروقت لبیک کہنے کی توفیق بخشے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید)

اسیران کیلئے دعا

جماعت کے بہت سے افراد مختلف مقدمات میں قید کئے گئے ہیں۔ اور تکالیف اٹھا رہے ہیں۔ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سب اسیران راہ مولیٰ کی قربانی کو قبول فرمائے اور ان کی باعزت رہائی کے سامان کرے اور ان کے اہل وعیال کا کفیل بن جائے۔ آمین

طاہر کلینک بند رہے گا

طاہر ہومیوپیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ (بیت صادق) مورخہ 23 تا 28 مارچ 2005ء بند رہے گا۔ (معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

مشعل راہ

توحید کی عظمت منوانے کا فریضہ

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں:۔

ایک دفعہ ایک یہودی عورت کا بچہ قریب المرگ تھا۔اس عورت کو یہ علم تھا کہ آنحضرت ﷺ کو اس بچہ سے پیار تھا۔.........جن یہودیوں نے آنحضرت ﷺ سے دشمنی کی ان سے زیادہ مغضوب تو دنیا میں کوئی یہودی نہیں ہوسکتا۔ان سے زیادہ سخت دل اور شقی القلب تو کوئی یہودی نہیں ہوسکتا۔اس کے باوجود اس یہودی عورت نے آنحضرت ﷺ کی خدمت اقدس میں جب یہ پیغام بھیجا کہ میرا بچہ قریب المرگ ہے۔آپؐ کو اس سے پیار تھا اگر آپ چاہتے ہیں کہ اسے بستر مرگ پر دیکھ لیں تو یہاں آجائیں اس کو دیکھ لیں۔اس کے دل میں یہ تمنا ہوگی کہ میرے بچے کا دل ٹھنڈا ہو جائے۔آنحضرت ﷺ مجلس میں بیٹھے ہوئے تھے۔ یہ پیغام سنتے ہی اٹھ کھڑے ہوئے اور سیدھے اس یہودی عورت کے گھر تشریف لے گئے۔ بچہ بستر مرگ پر پڑا تھا۔اس کے پاس بیٹھ گئے اور اس کو اپنے قرب سے تسکین دی اور پوچھا بچے! کیا تم یہ پسند نہیں کروگے کہ مسلمان ہوکر جان دو۔صرف یہی تبلیغ کی اور یہی سیدھا سادھا کلمہ جو دل کی گہرائی سے نکلا تھا بچے کے دل میں جا کر ڈوب گیا۔اس نے سر ہلایا کہ ہاں میں یہی پسند وں کرتا ہوں۔ چنانچہ کلمہ پڑھا اور جان دے دی۔حدیث میں آتا ہے کہ اس سے آنحضرت ﷺ کو اتنی خوشی ہوئی کہ بار بار فرمانے لگے الحمد للہ۔ الحمد للہ۔خدا نے مجھے ایک روح کو بچانے کی توفیق عطا فرمادی۔

(بخاری کتاب الجنائز باب اذا اسلم الصبی فمات ھل یصلی علیہ)

وہ جو ساری دنیا کی روحوں کو بچانے کیلئے آیا تھا جس نے ہم سب کی روحوں کو بچایا ہے۔ہم اور ہمارے باپ دادے اور ہماری نسلیں ہمیشہ اس کی غلامی میں جھکی رہیں تب بھی اس کے احسانات کا بدلہ نہیں ادا کرسکتیں۔ وہ نور کامل جس نے بنی نوع انسان کو اندھیروں سے نکالا اور روشنی عطا کی، وہ جو سب دنیا کا محسن بنا اور محسن بنے گا، وہ جس کے دَر پر ایک نہ ایک دن ساری بنی نوع انسان لازماً حاضر ہوگی اور اس کی توفیق سے اور اس کے واسطے سے اللہ تعالیٰ کی اطاعت میں رشد و ہدایت پائے گی۔صرف ایک روح کے بچنے پر اس پیکر رحمت کے دل کی یہ کیفیت ہے اور اس پر اظہار شکر کا یہ عالم ہے کہ بار بار کہتے ہیں الحمد للہ الحمد للہ خدا نے مجھے ایک روح کو بچانے کی توفیق عطا فرمائی اور بچنے کے بعد اس بچے کو وقت کون سا میسر آیا؟ بس کلمہ پڑھا اور دنیا سے رخصت ہوگیا۔صرف اتنی سی ہدایت تھی۔صرف ایک لمحہ کی ہدایت تھی لیکن اس پر آنحضور ﷺ عبد شکور بنتے ہوئے اپنے رب کے حضور جھک جاتے ہیں۔

یہ ہیں ہمارے آقا و مولا سیدنا حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ جن کی غلامی کا ہم نے دعویٰ کیا ہے۔آپؐ ہیں بصیرتوں کے منبع اور ماویٰ اور مجمع۔اب آپؐ سے سارے نور پھوٹیں گے جو خدا کی طرف لے جائیں گے۔

پس یہ وہ بصائر یعنی روشنیاں تھیں جن سے دنیا اپنے رب کے نور سے جگمگا اٹھی تھی۔اب اگر ان نوروں کو جماعت نے اپنے تک روک لیا اور بنی نوع انسان اور محمد مصطفیٰؐ کے درمیان حائل ہوگئے تو یاد رکھیں اس وقت بنی نوع انسان اپنے رب کو کبھی نہیں پاسکیں گے۔اور آپ لوگ اس کے ذمہ دار ہوں گے۔کیونکہ آپ کو ذریعہ بنایا گیا ہے۔آج خدا تعالیٰ کی وحدانیت کو دنیا میں قائم کرنے اور............کا فریضہ آپ کو سونپا گیا ہے اس لئے آپ اپنی نظروں کو سطحی نہ بنائیں۔اپنی نگاہوں کو ان ظاہری مناظر کے پردوں تک نہ رہنے دیں بلکہ آگے بڑھیں۔ بلند نظری پیدا کریں اور حقیقت حال کو پانے کے لئے آپ خود پار اترنا سیکھیں اور اپنے رب تک پہنچنا اور بندوں کو رب تک پہنچانا سیکھیں۔اس کے بغیر نہ حضرت محمد مصطفیٰ ﷺ کی غلامی کا حق ادا ہوگا اور نہ اپنے رب کی عبودیت کا حق ادا ہوگا۔

(خطبات طاہر جلد اول ص100)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

ولادت

مکرم مسعود احمد شاہد صاحب استاد مدرسۃ الحفظ وقف جدید لکھتے ہیں۔خدا تعالیٰ نے محض اپنے فضل سے خاکسار کو 26 فروری 2005ء کو دوسری بیٹی سے نوازا ہے۔حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے از راہ شفقت بچی کا نام شازیہ عطا فرمایا ہے۔بچی مکرم منظور احمد صاحب مرحوم آف شیخ واہ (دنیا پور) کی پوتی اور مہر محمد صدیق صاحب دارالیمن غربی کی نواسی ہے۔وقف نو کی بابرکت تحریک میں شامل ہے۔ بچی کی درازئ عمر والدین کیلئے قرۃ ہونے اور خادمہ دین ہونے کیلئے دعا کی درخواست ہے۔

درخواست دعا

مکرم رانا عبدالرزاق خاں صاحب سیکرٹری مال ضلع خوشاب لکھتے ہیں۔مکرم میاں رضا احمد صاحب ولد میاں ریاض احمد صاحب آف کوٹ قاضی مورخہ 28 فروری 2005ء کو ریاست میری لینڈ (امریکہ) سے بذریعہ کار کنیکٹیکٹ جا رہے تھے کہ راستہ میں ایکسیڈنٹ ہوگیا۔میاں رضا احمد کے ساتھ ان کی اہلیہ اور تین بچے بھی تھے۔میاں رضا احمد صاحب اور ان کی اہلیہ کی ٹانگیں ٹوٹ گئیں۔ اور بچوں کو بھی زخم آئے۔ ایک بچے کے پیٹ میں سیٹ بیلٹ کی وجہ سے زیادہ زخم آئے۔اب سب ہسپتال میں داخل ہیں اور ہوش میں ہیں میاں بیوی دونوں کی ٹانگوں میں راڈ ڈالے گئے ہیں میاں رضا احمد صاحب جنرل سیکرٹری جماعت اور ان کی اہلیہ صدر لجنہ اماء اللہ جماعت کنیکٹیکٹ ہیں۔احباب جماعت سے ان کی جلد شفایابی کیلئے درخواست دعا ہے۔

مکرم فضل کریم قمر صاحب فیکٹری ایریا احمد ربوہ کے بڑے بھائی مکرم محمد ابراہیم شاد صاحب والد محترم ناصر احمد ظفر صاحب ریٹائرڈ ریلوے گارڈ۔ مثانے میں انفیکشن کی وجہ سے بہت بیمار ہیں۔فضل عمر ہسپتال ربوہ میں زیر علاج ہیں۔احباب کرام سے ان کی کامل شفا کے لئے درخواست دعا ہے۔

دارالصناعۃ میں داخلہ

دارالصناعۃ ٹیکنیکل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ 6/1 فیکٹری ایریا ربوہ میں مندرجہ ذیل کورسز میں داخلوں کیلئے درخواستیں مقررہ فارم پر جو ادارے سے دستیاب ہوسکتے ہیں۔مطلوب ہیں۔فوری رابطہ کریں۔درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 31 مارچ 2005ء ہے۔

1۔آٹو مکینک 2۔ریفریجریشن/ایئر کنڈیشننگ 3۔وڈ ورک

(نوٹ: کلاسز 2 تا 6 بجے شام ہوں گی)

فون نمبر 215544-214578

(ڈائریکٹر نگران دارالصناعۃ)

ولادت

مکرم ماسٹر منیر احمد صاحب ناظم انصار اللہ ضلع جھنگ لکھتے ہیں۔میرے بھانجے مکرم اسد محمود صاحب ابن مکرم ملک محمد امیر صاحب آف یابو والا جھنگ صدر کو اللہ تعالیٰ نے اپنے فضل سے پہلا بیٹا عطا فرمایا ہے۔ بچے کا نام اویس احمد تجویز ہوا ہے۔تمام احباب جماعت سے بچے کی درازعمر کیلئے درخواست دعا ہے۔اللہ تعالیٰ بچے کو نیک اور خادم دین بنائے۔اور اسے اپنی امان میں رکھے۔آمین

داخلہ طاہر پرائمری سکول

طاہر آباد ربوہ

نظارت تعلیم کے ادارہ طاہر پرائمری سکول طاہر آباد ربوہ میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کے ساتھ یکم اپریل 2005ء سے مندرجہ ذیل کلاسز میں داخلہ جات شروع ہونگے۔

(1)اول ادنیٰ (2)اول اعلیٰ (3)دوئم (4)سوئم

کلاس اول ادنیٰ کیلئے عمر کی حد ساڑھے چار تا ساڑھے پانچ سال مقرر ہے۔نیز بوقت داخلہ بچے کا پیدائشی سرٹیفیکیٹ مع فوٹو کاپی پیش کرنا لازمی ہوگا۔

باقی کلاسز یعنی اول اعلیٰ ، دوئم اور سوئم میں داخلہ کیلئے پیدائشی سرٹیفیکیٹ کے ساتھ سکول چھوڑنے کا سرٹیفیکیٹ (محکمانہ تصدیق شدہ) پیش کرنا لازمی ہوگا۔مورخہ 10 مارچ 2005ء سے داخلہ فارم سکول کے دفتر میں دستیاب ہیں۔مزید تفصیلات کیلئے دفتر طاہر پرائمری سکول طاہر آباد سے رابطہ کریں۔

(ہیڈ مسٹریس طاہر پرائمری سکول)

داخلہ کمپیوٹر کورس

خدام الاحمدیہ پاکستان

مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورسز کا اجراء کیا جارہا ہے۔داخلہ کے خواہشمند خواتین و حضرات اپنی درخواستیں دفتر خدام الاحمدیہ میں جمع کروادیں۔داخلہ فارم ایوان محمود سے حاصل کیا جاسکتا ہے۔

☆ کمپیوٹر پروفیشنل سرٹیفیکیٹ کورس بنیادی تعارف (نظریات، اردو انگریزی، ٹائپنگ، آپریٹنگ سسٹم)
☆ مائیکروسافٹ آفس (ورڈ، ایکسل، پاورپوائنٹ)
☆ انٹرنیٹ ☆ کمپوزنگ، ڈیزائننگ (ان پیج، کورل ڈرا)
☆ ہارڈ ویئر کا تعارف اور اس سے متعلق مشکلات کا حل
☆ دورانیہ 3 ماہ کورس فیس-/3000 روپے

(انچارج کمپیوٹر سیکشن ایوان محمود ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

"تم اپنے وفات یافتگان کا ذکر خیر کیا کرو"

سال 2004ء میں وفات پانے والے بعض معروف جماعتی خدمتگاروں کا تذکرہ

خدمتگاروں کے مختصر کوائف تاریخ وفات کی ترتیب کے لحاظ سے دئیے جا رہے ہیں

محمد محمود طاہر صاحب

محترم مولانا محمد سعید انصاری صاحب مربی سلسلہ

دیرینہ خادم اور مربی سلسلہ مولانا محمد سعید انصاری صاحب مورخہ 9/جنوری 2004ء کو 88 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ 10 جنوری کو آپ کی نماز جنازہ ربوہ میں ادا ہوئی اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔

آپ 10 مارچ 1916ء کو پیدا ہوئے 1946ء میں زندگی وقف کی آپ کی پہلی تقرری ملایا، سنگاپور میں ہوئی۔ پھر انڈونیشیا اور ملائیشیا، سنگاپور میں خدمات کی توفیق ملی۔ ربوہ میں رہتے ہوئے دارالقضاء، جامعہ احمدیہ، وکالت تبشیر اور وکالت اشاعت میں خدمت کا موقع ملا۔ متعدد کتب کا انڈونیشین میں ترجمہ کرنے کی توفیق ملی۔ آپ دعاگو اور عالم باعمل بزرگ تھے۔ 57 سال تک خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کی اہلیہ مکرمہ محمودہ بیگم صاحبہ 1988ء میں وفات پا گئی تھیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے چھ بیٹیوں سے نوازا۔ حضور انور نے اپنے خطبہ فرمودہ 23 جنوری 2004ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا۔

محترم شیخ محبوب عالم خالد صاحب صدر صدر انجمن احمدیہ پاکستان

دیرینہ خادم سلسلہ، صدر صدر انجمن احمدیہ پاکستان مورخہ 12/جنوری 2004ء کو 95 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ اسی روز بیت المبارک میں آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور بہشتی مقبرہ کے قطعہ خاص میں آپ کو سپرد خاک کیا گیا۔

محترم شیخ صاحب 13/اپریل 1909ء کو نکودر ضلع جالندھر میں محترم خان فرزند علی خان صاحب سابق امام بیت الفضل لندن کے ہاں پیدا ہوئے۔ 1931ء میں مولوی فاضل قادیان سے پاس کیا۔ 1936ء میں گورنمنٹ کالج لاہور سے بی اے آنرز کیا اور جماعتی خدمات کا آغاز اسی سال سے کر دیا۔ مدرستہ البنات اور جامعہ احمدیہ میں تقرر ہوا۔ اس دوران بی ٹی اور ایم اے عربی اور ایم اے اردو بھی کیا۔ تعلیم الاسلام ہائی سکول میں تقرر ہوا پھر تعلیم الاسلام کالج میں 1946ء سے 1969ء تک پڑھاتے رہے۔ 1969ء سے تادم وفات صدر انجمن احمدیہ میں ناظر مال اور پھر صدر صدر انجمن احمدیہ کے طور پر خدمات کی توفیق ملی۔ اسی دوران 6 سال تک حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کے پرائیویٹ سیکرٹری بھی رہے۔ مجلس خدام الاحمدیہ کے بانی رکن تھے۔ خدام الاحمدیہ اور انصاراللہ کی مرکزی عاملہ میں کئی سال تک خدمت کی توفیق بھی ملی۔ یوں 68 سال تک خدمت کی توفیق پائی۔ آپ کی اہلیہ مکرمہ نصرت جہاں بیگم صاحبہ 1988ء میں وفات پا گئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو چھ بیٹوں سے نوازا۔ حضور انور ایدہ اللہ نے اپنے خطبہ فرمودہ 23 جنوری 2004ء میں آپ کا تذکرہ فرمایا۔

محترم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب

محترم صاحبزادہ مرزا رفیع احمد صاحب ابن حضرت خلیفۃ المسیح الثانی مورخہ 15 جنوری 2004ء کو 77 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ اسی روز آپ کی نماز جنازہ ادا کی گئی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔

آپ 5 مارچ 1927ء کو حضرت سارہ بیگم صاحبہ کے بطن سے پیدا ہوئے۔ مولوی فاضل، بی اے اور شاہد کے امتحانات پاس کئے۔ پہلے وکالت تبشیر اور پھر انڈونیشیا بطور مربی بھجوائے گئے جہاں دو سال کام کیا۔ 1956ء تا 1982ء جامعہ احمدیہ میں استاد رہے۔ 63-1962ء تا 66-1965ء آپ صدر خدام الاحمدیہ مرکزیہ رہے۔ آپ نے اپنی اہلیہ سیدہ امۃ السمیع بیگم صاحبہ بنت حضرت ڈاکٹر میر محمد اسماعیل کے علاوہ، تین بیٹے اور چار بیٹیاں یادگار چھوڑیں۔ آپ کے ایک بیٹے محترم صاحبزادہ مرزا عبدالصمد احمد صاحب سیکرٹری مجلس کارپرداز ہیں۔ حضور انور نے اپنے خطبہ فرمودہ 23 جنوری 2004ء میں آپ کا ذکر خیر فرمایا۔

مکرم ملک محمد عبداللہ صاحب

مکرم ملک محمد عبداللہ صاحب ابن حضرت ملک حسن محمد صاحب سمبڑیالوی مورخہ 23 جنوری 2004ء کو 92 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ اسسٹنٹ پرائیویٹ سیکرٹری، انچارج شعبہ زودنویسی کے طور پر کام کرتے رہے اسی طرح ٹی آئی کالج ربوہ میں بھی پڑھایا۔ جماعتی اخبارات و رسائل کے مدیر اور مینیجر بھی رہے۔ آپ کو متعدد کتب لکھنے کی بھی توفیق ملی ان میں 'تمدن اسلام'، 'کلام الٰہی' اور 'میری یادیں' معروف ہیں۔

مکرم پروفیسر عبدالرشید غنی صاحب

سابق ایڈیشنل وکیل المال اول اور تعلیم الاسلام کالج ربوہ کے پروفیسر مکرم عبدالرشید غنی صاحب 29 مارچ 2004ء کو 70 سال کی عمر میں ربوہ میں انتقال کر گئے۔ 31 مارچ کو جنازہ اور بہشتی مقبرہ میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ ایم ایس سی میتھ کے بعد 1961ء میں تعلیم الاسلام کالج ربوہ میں لیکچرار تعینات ہوئے اور اسی کالج سے وائس پرنسپل کے طور پر 1994ء میں ریٹائر ہوئے۔ اسی سال ایڈیشنل وکیل المال اول بنائے گئے اور 15 جنوری 2003ء تک اس عہدہ پر رہے۔ خدام الاحمدیہ مرکزیہ اور انصاراللہ مرکزیہ و پاکستان کی عاملہ کے سالہاسال تک رکن رہے۔ اس کے علاوہ ممبر قضاء بورڈ، ممبر مجلس افتا، ممبر تدوین فقہ کمیٹی اور جلسہ سالانہ کے موقع پر نمایاں خدمات کی توفیق ملی۔ "اسلام کا وراثتی نظام" آپ کی معروف کتاب ہے۔ متعدد مضامین بھی شائع شدہ ہیں۔

مکرم کموڈور رحمت اللہ باجوہ صاحب

آپ 87 سال کی عمر میں 22 مئی 2004ء کو وفات پا گئے۔ والد اور والدہ دونوں رفقاء تھے۔ 1942ء میں رائل نیوی میں کمیشن حاصل کیا اور پھر پاک بحریہ میں لمبا عرصہ خدمت کی۔ 1966ء تا 1971ء مشرقی پاکستان میں لینڈ واٹر ٹرانسپورٹ اتھارٹی کے چیئرمین تھے۔ بعد ازاں کچھ عرصہ گورنر کے مشیر بھی رہے۔ دوران سروس سیٹو (Seto) بنکاک میں پاکستان کے نمائندہ اور چٹاگانگ نیول بیس کے کمانڈر رہے۔ کراچی میں لمبا عرصہ مختلف عہدوں پر جماعتی خدمت کی توفیق پائی۔ مالی قربانی کا غیر معمولی جذبہ تھا 1/7 کی وصیت کی تھی۔ بہشتی مقبرہ ربوہ میں 24 مئی 2004ء کو تدفین ہوئی۔

مکرم راؤ تارا صاحب آف فجی

آپ 24 مئی 2004ء کو وفات پا گئے۔ آپ کا سارا وقت خدمت دین میں صرف ہوا۔ آپ جزیرہ رانبی فجی کے صدر جماعت تھے۔ مخلص اور نڈر احمدی تھے اور مخالفت کے باوجود ثابت قدم رہے اور ہر قربانی میں پیش پیش رہتے تھے۔ آپ نے اپنا ذاتی پلاٹ بیت الذکر کے لئے پیش کیا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 10 جون 2004ء کو بیت الفضل لندن میں آپ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب

حضرت مسیح موعود کے پوتے، حضرت مصلح موعود کے فرزند، صدر مجلس تحریک جدید، سابق وکیل اعلیٰ و صدر مجلس انصاراللہ مرکزیہ۔ حضرت صاحبزادہ مرزا مبارک احمد صاحب مورخہ 21 جون 2004ء کو 90 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آپ کی نماز جنازہ 23/جون 2004ء کو بعد نماز فجر بیت المبارک میں ادا کی گئی اور چاردیواری بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔

آپ 9 مئی 1914ء کو حضرت ام ناصر محمودہ بیگم صاحبہ کے بطن سے قادیان میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم قادیان میں حاصل کی مدرسہ احمدیہ میں داخلہ لیا۔

مولوی فاضل پاس کیا اور گریجوایشن کرنے کے بعد وقف کیا۔ تحریک جدید سے خدمات کا آغاز کیا وکیل الزراعت، وکیل الصنعت، وکیل التبشیر، وکیل الدیوان اور وکیل اعلیٰ 1982ء تک رہے۔ 1988ء تک صدر مجلس تحریک جدید اور پھر تا وفات ایڈیشنل صدر مجلس تحریک جدید (اعزازی) رہے ایک لمبے عرصہ تک صدر انصاراللہ مرکزیہ کے طور پر بھی خدمات سرانجام دیں۔ متعدد ممالک کے دورے پر بھی تشریف لے گئے۔ آپ کو حضرت مسیح موعود کے پوتوں میں سب سے بڑی عمر پانے کا اعزاز بھی حاصل ہوا۔ آپ کی اہلیہ محترمہ صاحبزادی آمنہ طیبہ صاحبہ سیدہ امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ و حضرت نواب محمد عبداللہ خان صاحب کی بیٹی تھیں۔ آپ کو اللہ تعالیٰ نے دو بیٹوں اور ایک بیٹی سے نوازا۔ حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے 25 جون 2004ء کے خطبہ میں آپ کا تذکرہ فرمایا۔

مکرم نصراللہ خان ملہی صاحب مربی سلسلہ

مکرم نصراللہ خان ملہی صاحب مربی سلسلہ اسلام آباد ابن مکرم چوہدری حمیداللہ خادم ملہی صاحب دارالنصر غربی ربوہ 28؍جولائی 2004ء کو ایک حادثہ میں اسلام آباد میں 35 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ آپ 10 نومبر 1969ء کو پیدا ہوئے اور 1989ء میں جامعہ سے فارغ التحصیل ہوئے۔ مختلف جماعتوں میں خدمات کے بعد اسلام آباد سے فارسی زبان سیکھی اور پھر تاشقند میں مقامی زبان سیکھنے گئے۔ لیہ میں قیام کے دوران اسیر راہ مولیٰ کا شرف حاصل کیا۔ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔ بیوہ کے علاوہ کم سن تین بیٹیاں اور ایک بیٹا یادگار چھوڑا۔

مکرم صوفی محمد اسحاق صاحب مربی سلسلہ

دیرینہ خادم سلسلہ مکرم صوفی محمد اسحٰق صاحب مربی سلسلہ مورخہ 4؍اگست 2004ء بیت السلام غربی (ب) میں 81 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ 7؍اگست کو آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ آپ کو 59 سال تک اندرون و بیرون ملک خدمت سلسلہ کی توفیق ملی۔ 26 نومبر 1945ء کو آپ کو سیرالیون بھجوایا گیا۔ جنوری 1955ء میں لائبیریا مشن کی بنیاد ڈالی۔ سیرالیون، لائبیریا، یوگنڈا اور کینیا میں خدمات کے علاوہ مرکز میں دفاتر تحریک جدید، استاد جامعہ احمدیہ اور ممبر قضاء بورڈ کے طور پر بھی خدمت کی توفیق ملی۔ چھ سال تک محلہ دارالعلوم غربی شاء کے صدر رہے۔ عربی زبان کے ماہر اور علمی شخصیت تھے۔ قومی و جماعتی اخبارات میں مضامین اور خطوط شائع ہوتے رہے۔ قومی انگریزی روزناموں میں باقاعدگی سے لکھا کرتے تھے۔ آپ نے بعض کتب بھی تصنیف کیں۔

پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ تین بیٹے اور ایک بیٹی یادگار چھوڑی۔

مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب امیر ضلع شیخوپورہ

امیر ضلع شیخوپورہ مکرم چوہدری بشیر احمد صاحب ابن حضرت چوہدری انور حسین صاحب 7 و 8؍اگست 2004ء کی درمیانی شب کار کے ایک حادثہ میں 68 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔

آپ نے بی اے ایل ایل بی تک تعلیم حاصل کی۔ 1970ء کے انتخابات میں ممبر پنجاب اسمبلی منتخب ہوئے۔ 1995ء میں امیر ضلع شیخوپورہ مقرر ہوئے۔ آپ ملنسار اور ہردلعزیز شخصیت تھے۔ فرقان فورس میں بھی خدمت کی توفیق پائی۔ آپ ایک ماہر کاشتکار تھے اور آپ کا ماڈل فارم شہرت کا حامل تھا۔ کاشتکاری کے ساتھ ساتھ مختلف کھیلوں میں بھی مہارت تھی۔ 10؍اگست 2004ء کو آپ کا جنازہ پڑھا گیا اور عام قبرستان ربوہ میں تدفین ہوئی۔ آپ نے پسماندگان میں اہلیہ کے علاوہ دو بیٹے اور چار بیٹیاں چھوڑی ہیں۔

مکرم برکت اللہ منگلا صاحب شہید سرگودھا

سابق ممبر مجلس وقف جدید مکرم برکت اللہ منگلا صاحب ایڈووکیٹ سرگودھا کو مورخہ 21؍اگست 2004ء کو بعض نامعلوم افراد نے ان کے گھر گھس کر شہید کر دیا۔ آپ شریف النفس اور بے ضرر انسان تھے اور اپنے حلقہ کے صدر جماعت اور قاضی جماعت سرگودھا کے طور پر بھی خدمات بجالا رہے تھے۔ آپ کے انتقال پر بار کونسل سرگودھا نے علامتی ہڑتال کی۔ آپ مولانا عزیز الرحمان منگلا صاحب مرحوم مربی سلسلہ کے چھوٹے بھائی تھے۔ 22؍اگست کو سرگودھا میں جنازہ کی ادائیگی کے بعد میت ربوہ لائی گئی اور ربوہ میں بیت المبارک میں جنازہ پڑھا گیا اور ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ کے ایک بیٹے فخر اللہ منگلا صاحب قائد مجلس سرگودھا کے طور پر خدمات کی توفیق پا رہے تھے۔ جبکہ دوسرے بیٹے بیرون ملک مقیم تھے۔

مکرم محمد لوئیس ما لا صاحب انڈونیشیا

مکرم محمد لوئیس ما لا صاحب سابق امیر جماعت احمدیہ انڈونیشیا مورخہ 23؍اگست 2004ء کو جکارتہ میں 72 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ 1996ء تا 2001ء تک انڈونیشیا کے امیر رہے اور ساری عمر مختلف حیثیتوں سے جماعتی خدمات بجالاتے رہے۔ آپ نے گریجوایشن کرنے کے بعد نیول اکیڈمی میں شمولیت اختیار کی۔ 1963ء میں ماسکو میں انڈونیشیا کی ایمبیسی میں فوجی اتاشی مقرر ہوئے۔ انڈونیشین نیوی سے کرنل کے عہدہ سے ریٹائر ہوئے۔ 1990ء تا 1996ء نائب امیر اور پھر 1996ء سے امیر انڈونیشیا مقرر ہوئے۔ آپ کے ہی دور امارت میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع رحمہ اللہ انڈونیشیا کے تاریخی دورہ پر تشریف لائے۔ آپ کی ساری اولاد نظام وصیت سے منسلک ہے اور خدمات دینیہ کی توفیق بھی پا رہی ہے۔

مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب مربی سلسلہ

سلسلہ کے معروف خادم اور مربی سلسلہ مکرم مولانا محمد اسماعیل منیر صاحب مورخہ 22 ستمبر 2004ء کو 76 سال کی عمر میں ہیوسٹن امریکہ میں وفات پا گئے۔ مورخہ 28 ستمبر 2004ء کو آپ کا جنازہ ربوہ پہنچا اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔

آپ 23 مارچ 1928ء کو گوجرانوالہ میں پیدا ہوئے والد اور والدہ دونوں رفقاء تھے۔ 1950ء میں جامعہ احمدیہ پاس کرنے کے بعد عملی زندگی کا آغاز کیا اور سری لنکا بھجوائے گئے 1958ء تک سری لنکا، 59ء تا 60ء مشرقی افریقہ، 60ء تا 62ء اور 66ء تا 70ء تک ماریشس رہے۔ جبکہ 74ء تا 76ء مغربی افریقہ میں گزارے۔ مرکز میں استاد جامعہ احمدیہ، سیکرٹری مجلس نصرت جہاں، سیکرٹری حدیقۃ المبشرین اور پھر ناظر تعلیم القرآن و وقف عارضی کے طور پر خدمات کی توفیق پائی۔ اسی طرح رکن مجلس کارپرداز، رکن مجلس افتاء، مہتمم اطفال مرکزیہ، قائد انصاراللہ مرکزیہ و پاکستان رہے۔ علمی شخصیت کے حامل تھے متعدد کتب بھی تصنیف کیں۔ سلائیڈز کے ذریعہ ایک لمبے عرصہ تک دعوت الی اللہ کی۔ آپ ایک پرجوش داعی الی اللہ تھے ریٹائرمنٹ کے بعد امریکہ کینیڈا اور دوسرے مقامات پر بھی دعوت الی اللہ کے سلسلہ میں کام کرتے رہے۔ آپ کی اولاد میں تین بیٹے اور ایک بیٹی ہے۔ ایک بیٹے مکرم محمد الیاس منیر صاحب (اسیر راہ مولیٰ) مربی سلسلہ جرمنی ہیں۔

کنگ آف پاراکو بینن

کنگ آف پاراکو محترم شاپارگی آدیکو بیو آلیدو مورخہ 19؍اکتوبر 2004ء کو 58 سال کی عمر میں وفات پا گئے۔ آپ بینن کے شمال میں واقع شہر پاراکو کے بادشاہ تھے جن کے تحت 80 دیہات کا علاقہ آتا ہے۔ آپ بینن کے بادشاہوں کے صدر بھی تھے۔ آپ کا جماعت سے پہلا تعارف 2000ء میں ہوا۔ 7؍اپریل 2001ء کو بیعت کی۔ اور اسی سال جلسہ سالانہ برطانیہ میں شمولیت کی حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے آپ کو حضرت مسیح موعود کے کپڑوں کا تحفہ دیا۔ 2001ء، 2002ء، اور 2003ء کے جلسوں میں شمولیت کا موقع ملا۔ آپ نے صدر مملکت بینن سے جماعت کا تعارف کروایا۔ دعوت الی اللہ میں معاونت فرماتے رہے۔

مورخہ 16 نومبر 2004ء کو حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ نے آپ کا جنازہ غائب پڑھایا۔

مکرم قریشی محمد عبداللہ صاحب

سابق آڈیٹر صدر انجمن احمدیہ قریشی محمد عبداللہ صاحب ابن حضرت قریشی شیخ محمد صاحب رفیق حضرت مسیح موعود 23؍اکتوبر 2004ء کی رات 91 سال کی عمر میں انتقال کر گئے۔ 24؍اکتوبر 2004ء کو آپ کی نماز جنازہ ہوئی اور بہشتی مقبرہ ربوہ میں تدفین عمل میں آئی۔ آپ 15؍اکتوبر 1913ء کو قادیان میں پیدا ہوئے۔ 1939ء سے 2003ء تک 64 سال مختلف حیثیتوں میں جماعتی خدمت کی توفیق ملی۔ تعلیم الاسلام کالج کے ہیڈ کلرک، نائب افسر خزانہ، محاسب اور آڈیٹر صدر انجمن رہے۔ انصاراللہ مرکزیہ کے بھی ایک عرصہ تک آڈیٹر رہے۔ ہجرت کے وقت جماعتی اثاثوں کی منتقلی کے لئے اہم کردار ادا کرنے کی توفیق ملی۔ اللہ تعالیٰ آپ کی مغفرت فرمائے۔

محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ

محترمہ مجیدہ بیگم صاحبہ اہلیہ مکرم چوہدری شاہنواز صاحب مرحوم مورخہ 25 نومبر 2004ء کو 92 سال کی عمر میں وفات پا گئیں۔ آپ حضرت نواب محمد الدین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی بیٹی تھیں۔ لجنہ اماء اللہ دہلی، کراچی اور لندن میں صدر کے طور پر خدمت کی توفیق پائی۔ 26 نومبر 2004ء آپ کی تدفین بہشتی مقبرہ ربوہ میں ہوئی۔ 26 نومبر 2004ء کے خطبہ جمعہ میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ کا ذکر خیر کرتے ہوئے فرمایا کہ آپ ایک بزرگ اور مخیّر خاتون تھیں۔ مالی قربانی میں صف اول میں ہمیشہ رہیں 1/3 حصہ کی موصیہ تھیں۔ ہر تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا۔ غریبوں کی ہمدرد اور ان کی مدد کرنے والی تھیں۔ خلافت سے بے انتہا پیار اور وفا کا تعلق تھا۔ حضور انور نے جمعہ کے بعد ان کی نماز جنازہ غائب بھی پڑھائی۔ اپنی یادگار دو بیٹے اور دو بیٹیاں چھوڑیں۔

چند درویشان قادیان کی وفات

☆ جلسہ سالانہ قادیان 2003ء کے بعد تین ابتدائی درویشان قادیان وفات پا گئے۔ ان میں (1) مکرم بشیر احمد صاحب حافظ آبادی (2) مکرم صوفی غلام محمد صاحب (3) مکرم نذیر احمد صاحب ننگلی شامل ہیں۔

ان تینوں مرحومین نے زمانہ درویشی میں ہر قسم

(باقی صفحہ 6 پر)

فرخ سلمانی

چشمہ مسیحی کے اہم مضامین

مختصر سوال و جواب کی شکل میں

حضرت مسیح موعود نے یہ کتاب مارچ 1906ء میں ایک عیسائی کی کتاب کے جواب میں تصنیف فرمائی۔ جس نے قرآن کریم پر اعتراض کئے تھے۔ حضور اقدس نے جواباً اس کتاب میں اناجیل کی حقیقت اور تاریخ بیان کی ہے اور فرمایا ہے کہ قرآن کریم ایک زندہ معجزہ ہونے کا دعویٰ کرتا ہے اور اس میں جو گزشتہ خبریں اور قصے ہیں وہ بھی اپنے اندر پیشگوئی کا رنگ رکھتے ہیں۔ اور پھر اس کی فصاحت و بلاغت بھی ایسا معجزہ ہے کہ آج تک کوئی اس کی نظیر پیش نہیں کر سکا۔ 60 صفحات پر مشتمل یہ کتاب روحانی خزائن جلد 20 میں شامل ہے۔

س۔ یہ رسالہ کس کتاب کے جواب میں لکھا گیا۔
ج۔ ینابیع الاسلام
س۔ اس رسالہ کے لکھنے کی تحریک کے لئے حضور کو کس مقام سے خط موصول ہوا تھا۔
ج۔ بریلی
س۔ عیسائیوں کے نزدیک چار انجیلیں اصلی ہیں۔ کتنی انجیلیں جعلی ہیں۔
ج۔ 56 کے قریب
س۔ تمام انجیلیں مجلد کر کے کس بادشاہ کو تخت نشینی کی تقریب میں پیش کی گئی تھیں۔
ج۔ شاہ ایڈورڈ قیصر
س۔ کس انجیل میں رسول اللہؐ کی نسبت کھلے طور پر پیشگوئی کی وجہ سے اسے جعلی قرار دیا جاتا ہے۔
ج۔ برنباس
س۔ ایک عیسائی راہب کس انجیل کو دیکھ کر مسلمان ہو گیا تھا۔
ج۔ برنباس
س۔ یہ کس کا قول ہے کہ عیسائی مذہب میں دین کی حمایت کے لئے ہر قسم کا افتراء اور جھوٹ جائز بلکہ موجب ثواب ہے۔
ج۔ پولوس
س۔ شریعت کا ماحصل کیا ہے۔
ج۔ تخلق باخلاق اللہ
س۔ رسول اللہؐ سے کتنے معجزات صادر ہوئے۔
ج۔ تین ہزار سے زیادہ
س۔ کفارہ کے رد کے لئے حضرت عیسیٰؑ نے اپنی مثال کس نبی سے دی ہے۔
ج۔ حضرت یونسؑ سے
س۔ خدا تعالیٰ کے نام حی اور قیوم کے کیا معنے ہیں۔
ج۔ خود زندہ اور دوسری چیزوں کو زندگی دینے والا، خود قائم اور اپنی پیدا کردہ چیزوں کو اپنے سہارے سے قائم رکھنے والا۔
س۔ صفت حی و قیوم میں کس مذہب کے عقائد کا رد ہے۔
ج۔ آریہ
س۔ نجات کا اصل سرچشمہ کیا ہے۔
ج۔ محبت ذاتی اور وصال الٰہی
س۔ حضور کی پیشگوئیوں کے مطابق تین شدید زلزلے کن علاقوں میں آئے۔
ج۔ پنجاب۔ کوہ منصوری۔ امریکہ
س۔ عیسائیت میں تثلیث کا عقیدہ کس قوم کے اثر سے آیا۔
ج۔ یونانی عقیدہ
س۔ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے بعد ان کے کونسے بھائی توحید کی تعلیم دیتے رہے۔
ج۔ حضرت یعقوب
س۔ حضرت مسیحؑ کے منہ سے صلیب پر چڑھائے جانے کے وقت کونسا کلمہ نکلا۔
ج۔ ایلی ایلی لما سبقتانی
س۔ پولوسی تثلیث کس علاقے سے شروع ہوئی۔
ج۔ دمشق سے
س۔ قادیان دمشق کی کس جانب واقع ہے۔
ج۔ مشرق
س۔ حضرت مسیحؑ کی قبر سری نگر کشمیر کے کس محلہ میں ہے۔
ج۔ خانیار
س حضور نے عیسائیوں کے اسلام پر اعتراضوں کی مثال کس چیز سے دی ہے۔
ج۔ رسیوں کے سانپ
س۔ ایک فاضل یہودی نے انجیل کی اخلاقی تعلیم کو کن کتب کا سرقہ قرار دیا ہے۔
ج۔ یہودیوں کی کتاب طالمود اور بنی اسرائیل کی چند اور کتب
س۔ یوز آسف کی قدیم کتاب محققین کے نزدیک دراصل کس زبان میں تھی۔
ج۔ سنسکرت
س۔ یوز آسف کی کتاب حضور کے نزدیک کب لکھی گئی۔
ج۔ مسیحؑ کے سفر کشمیر میں
س۔ حضرت مسیحؑ نے کس درخت کو بغیر پھل کے دیکھ کر اس پر بدعا کی۔
ج۔ انجیر

مکرمہ نصیرہ نصیر صاحبہ

میری والدہ سلیمہ بیگم صاحبہ

میری والدہ محترمہ سلیمہ بیگم صاحبہ سید محمد حسین شاہ صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی چھوٹی بیٹی تھیں۔ چھوٹا ہونے کے ناطے والدین کی بہت لاڈلی تھیں۔ آپ کے بھائی اور ہمارے ماموں مکرم ڈاکٹر محمد جی احمدی آف راولپنڈی تھے۔ گھر میں سب سے بہت پیار تھا۔ آپ کے سسر یعنی ہمارے دادا میاں فضل دین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود (مدفون بہشتی مقبرہ قادیان) تھے۔

میرے لئے وہ دہری ماں تھیں کہ مجھے بھی اور میرے بچوں کو بھی پالا۔ میں ایک مربی کی بیوی ہوں۔ شادی کے بعد ٹیچنگ شروع کی تو 12 سال ان کے پاس رہی کیونکہ مربی صاحب افریقہ میں خدمت دین بجالا رہے تھے۔ اس دوران میرے بچوں کو بھی بہت محبت اور شفقت سے پالا اور انہیں زمانے کے گرم و سرد سے بچائے رکھا۔ ہمیشہ کہا کرتیں کہ تم چلی جاتی ہو تو بچے بالکل نہیں روتے۔

اپنے بچوں کو بھی بہت پیار محبت سے پالا اور سب کی نہایت اعلیٰ تربیت کی۔ اصول پسندی ہم نے اپنے والد مرحوم محمد حسین صاحب سے سیکھی۔ ابا جان مرحوم کو بچوں کی تعلیم کا بہت شوق تھا۔ نتیجتاً ہمارے چاروں بھائی رشید حسین، مکرم ڈاکٹر محمود حسین آرکیٹکٹ، نصیر حسین سینئر براڈ کاسٹ انجینئر ریڈیو پاکستان اور ڈاکٹر منصور احمد ڈسٹرکٹ سرجن اپنے اپنے شعبوں میں نمایاں حیثیت کے حامل ہیں۔ ہمارے تین بھائی مکرم عبداللطیف آف علی پور مکرم عبدالشکور اسلم ایڈووکیٹ اور محمد اشرف صاحب پہلی والدہ سے ہیں۔ ان کی والدہ ان کے بچپن میں ہی فوت ہو گئی تھیں۔ ہماری والدہ محترمہ نے ان کی تربیت بھی نہایت اعلیٰ طریق سے کی اور کبھی کوئی فرق نہ آنے دیا نہ کسی قسم کا امتیاز روا تھا۔ ہر بات میں ان سے مشورہ کرتیں۔ 1990ء میں والد صاحب کی وفات کے بعد بڑے بھائی عبداللطیف صاحب کو ہمارا سرپرست بنایا۔ مہمان نواز اتنی کہ لاہور میں ہمارے گھر ہر وقت مہمانوں کا گڑھ بنا رہتا تھا۔ سب کی مہمان نوازی نہایت خندہ پیشانی سے کرتیں۔

آخری پونے دو سال جب دماغی فالج کی وجہ سے اچھی طرح بول نہ سکتی تھیں لیکن جب کوئی مہمان گھر آ جاتا تو اشاروں سے ہی کہا کرتیں کہ ان کے کھانے کے لئے کچھ لاؤ۔ بغیر کھائے کسی کو جانے نہ دیتیں۔ امانت داری میں بھی دین حق کی تعلیم کا بہترین نمونہ تھیں۔ بتایا کرتی تھیں کہ تقسیم ملک کے وقت میری طرف ایک گوالے کے کچھ روپے نکلتے تھے۔ جلدی میں قادیان چھوڑنے کی وجہ سے میں اس کے یہ پیسے ادا نہ کر سکی۔ پاکستان آ کر کئی دفعہ میں یہ پیسے اس کی طرف سے خیرات کر چکی ہوں مگر دل کی بے چینی نہیں جاتی۔ ان کی یہی صفت ہم تمام بچوں میں نمایاں ہے۔ اور سب بچوں میں دینی تعلیمات کا نمونہ بدرجہ اتم موجود ہے۔ الحمدللہ۔

ہمارے بچپن کی بات ہے کہ ہمارے گھر ایک جمعدارنی کام کرتی تھی۔ جو عیسائی تھی۔ بہت عرصے بعد اس کے گھر لڑکا پیدا ہوا تو وہ اسے دکھانے امی جان کے پاس لے کر آئی۔ امی ہیں کہ اس بچے کو گود میں لئے چوم رہی ہیں۔ اسے کپڑے اور پیسے بھی دیئے اور کتنی دیر تک اس بچے کو گود میں لئے بیٹھی رہیں۔ اور اس بچے کی ماں یہ نظارہ دیکھ کر شادکام ہوتی رہی اور میں اپنے بچپن اور ناسمجھی کے ہاتھوں برا محسوس کرتی رہی۔ مگر اب سوچتی ہوں کہ نبی پاکؐ کے اسوہ حسنہ پر عمل کر کے انہوں نے ایسی ڈھیروں نیکیاں کمائیں۔

ہر جماعتی کام میں پیش پیش رہتیں۔ ہمارا گھر عرصہ دراز تک نماز سنٹر بنا رہا۔ اور پھر بہت سال لجنہ کے اجلاس ہمارے گھر ہوتے رہے۔ اجلاس کے بعد ضرور چائے اور دوسرے لوازمات کا اہتمام کرتیں۔ ہمارے گھر کے اجلاس کی چائے کو سب اب تک یاد کرتے ہیں۔ شاید اجلاس کی برکت ہی مزہ دیا کرتی تھی۔ ورنہ چائے تو عام ہی ہوتی تھی۔ ہمارے حلقہ کی پرانی صدر صاحبہ آنٹی فہمیدہ لطیف نے ان کی بے شمار خوبیوں کی وجہ سے ان کی بیماری میں بہت دعائیں کیں۔ دعاؤں کی وجہ سے ہماری والدہ صاحبہ کا وصال مبارک مہینے 14 رمضان 1425 ھجری بمطابق 29 اکتوبر 2004ء کو ہوا۔ اور تدفین بہشتی مقبرہ میں ہوئی۔

اللہ تعالیٰ سے عاجزانہ دعا ہے کہ وہ رب ذوالجلال ہماری والدہ کے درجات بلند کرے اور انہیں جنت کے اعلیٰ درجات میں جگہ دے کہ وہ اسی کی مستحق ہیں۔ آمین ثم آمین اور ہم اولاد کو ان کی نیکیاں قائم رکھنے کی توفیق دے۔ آمین

اگر اپنی گاڑی آرام سے چلائی جائے تو سب کیلئے آرام کا باعث بنے گا۔

مرسلہ: حکیم محمود احمد طالب صاحب

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے پر معارف ارشادات کی روشنی میں

شہد میں شفا کا نظام

شہد پر تحقیق کی دعوت دیتے ہوئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع نے فرمایا۔

قرآن شریف میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اس میں لوگوں کے لئے ایک شفا رکھی گئی ہے ہمیں اس شفا کی ہمیشہ تلاش کرتے رہنا چاہئے کیونکہ ابھی تک شہد سے وابستہ شفا کا پورا علم ہمیں نہیں ہوا۔ لیکن چونکہ خدا تعالیٰ نے شہد کو ایک عظیم شفا کا حامل قرار دیا ہے اس میں لازماً ایک پورا نظام شفا موجود ہے جس تک ابھی ہماری رسائی نہیں ہوئی۔ احمدیوں کو چاہئے کہ شہد پر بھی تحقیق کرتے رہیں۔ اور اس بات کا بھی خیال رکھیں کہ قرآن شریف نے ''مختلف الوانہ'' فرمایا ہے کہ اس کے رنگ جدا جدا ہیں جس کا مطلب ہے کہ ہر رنگ والا شہد الگ الگ بیماریوں پر اثر انداز ہوگا۔ ہر بیماری پر اثر انداز نہیں ہوگا۔ اس کے شفا کے دائرہ کا رنگوں سے بھی تعلق ہوتا ہے۔ اور رنگوں کا پھولوں موسموں اور علاقوں سے بھی تعلق ہے۔ یعنی شہد ایک دوا نہیں بلکہ سینکڑوں دواؤں کی ایک نوع کا نام ہے۔ ہر ملک میں وہاں کے شہد پر تحقیق ہونی چاہئے کہ وہ کن پھولوں سے بنتا ہے اور ان پھلوں اور پھولوں کا کیا مزہ ہے۔ اور کیا انہیں طب میں استعمال کیا گیا ہے یا نہیں۔ جس طرح چین میں بہت وسیع پیمانے پر ان جڑی بوٹیوں پر تحقیق ہوئی تھی۔ جو کبھی روائتی طب میں استعمال ہوا کرتی تھیں۔ اس تحقیق سے ثابت ہوا تھا کہ ان میں تقریباً نصف پرانی دوائیں جدید ایلو پیتھک دواؤں کے مقابلہ پر زیادہ بہتر ہیں۔ اور سستی بھی ہیں دوسرے ان دواؤں میں ایسے ایسے عجیب وغریب اثرات ملے ہیں جو جدید ایلو پیتھک طبیبوں کے خواب وخیال میں بھی نہیں تھے پس ساری دنیا کے احمدیوں کو چاہئے کہ اپنے اپنے علاقہ میں شہد پر تحقیق کریں کہ وہاں کونسی بیماریاں ہیں اور کون سا شہد ان مخصوص بیماریوں کے لئے کہاں تک اور کس طریق پر استعمال کرنے سے مفید ثابت ہوتا ہے۔ یہ طبی نہیں بلکہ ہمارا مذہبی فریضہ بھی ہے۔ (ہومیوپیتھی یعنی علاج بالمثل صفحہ 382)

شہد کی پیداوار

مگس بانی کی پیداوار میں شہد۔ موم۔ زرگل۔ رائل جیلی۔ ظلی سریش اور ظلی زہر بہت اہم ہیں۔ پاکستان میں تقریباً دو سو ٹن سے زائد شہد منڈی میں لا کر فروخت کیا جاتا ہے۔ بعض شعبوں کی طرف اس وقت مگس بان متوجہ نہیں ہو رہے۔ لہٰذا ان اشیاء کی تجارتی پیداوار ابھی تک شروع نہیں ہوسکی امید ہے۔ مستقبل قریب میں ان اشیاء کی تیاری شروع ہو جائے گی۔

شہد ایک شفاف مائع کی شکل میں چھتے میں محفوظ ہوتا ہے۔ اس کی رنگت خوشبو اور ذائقہ کا دارومدار ان پھولوں پر ہوتا ہے۔ جن سے مکھیوں نے جوہر اکٹھا کیا ہو۔ شہد کے مختلف اجزاء کا دارومدار جوہر کے وسائل اور چند بیرونی عوامل پر ہوتا ہے۔ مختلف پودوں کے جوہر میں اجزاء خاص کر مٹھاس کے لحاظ سے مختلف ہوتے ہیں موسم آب و ہوا اور شہد نکالنے کے طریقوں سے اس پر کسی حد تک اثر پڑ سکتا ہے۔ شہد موسمی تغیر و تبدل، نمی، حرارت، لو وغیرہ کا اثر جلدی قبول کرتا ہے۔ سردیوں میں اکثر شہد جم جاتا ہے۔ اس کی انگوری شکر (گلوکوز) سردی کے اثر سے جلد منجمد ہو جاتی ہے۔ اس کے ساتھ ہی پھلوں کی شکر بھی جم جاتی ہے۔ بالفاظ دیگر جس شہد میں انگوری شکر کی مقدار نسبتاً زیادہ ہوگی وہ جلد منجمد ہوگا۔ شہد جم کر آئس کریم یا گھی کی مانند ہو جاتا ہے۔ اس کا ذائقہ اور بہتر ہو جاتا ہے کئی لوگ منجمد حالت میں شہد کھانا زیادہ پسند کرتے ہیں۔

پاکستان میں تقریباً 14 سے 18 فی صد شہد ان مکھیوں سے حاصل کیا جاتا ہے جو جدید مگس دانوں میں پالی جاتی ہیں۔ جبکہ باقی شہد جنگلی نیم جنگلی کالونیوں سے پیدا کیا جاتا ہے۔ شہد کی پیداوار سے تعلق رکھنے والے بہت سے لوگوں کو سوائے ان کے جو جدید مگس دانوں میں مکھیاں پالتے ہیں۔ شہد نکالنے کا جدید طریقہ اول تو معلوم ہی نہیں یا اگر ہے تو وہ شہد کشید کرنے والی مشینوں کے نہ ہونے کی وجہ سے شہد نکالنے کے بہت پرانے طریقے استعمال کرتے ہیں۔ وہ عام طور پر بند چھتے اور اس کے کچھ کھلے حصوں کو کسی کپڑے میں رکھ کر کچل دیتے ہیں اور شہد نکال لیتے ہیں اس طرح چھتے سے نکالے ہوئے شہد میں پانی اور زیرے کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ ہمارے ہاں اس طرح کی لاعلمی کی وجہ سے شہد کی بھاری مقدار ضائع ہو جاتی ہے۔

شہد ایک اعلیٰ اور مقوی غذا ہے جو بچوں بوڑھوں اور بیماروں کے لئے یکساں مفید ہے۔ اس وقت دنیا میں جتنا شہد پیدا ہوتا ہے اس کا 90 فیصد شہد کی شکل میں بطور خوراک براہ راست استعمال کیا جاتا ہے۔ بقایا دس فیصد دوسری مصنوعات میں ایک جزو کی حیثیت سے استعمال ہوتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق دنیا میں سالانہ پچیس ہزار ٹن شہد تجارتی طور پر بیکری کی اشیاء بنانے میں صرف ہوتا ہے۔ اٹلی کی صرف ایک فرم تین سو ٹن شہد اور نیویارک کی ایک کمپنی پچاس ٹن شہد مٹھائی بنانے میں صرف کرتی ہے۔ تجربات سے معلوم ہوا کہ شہد سے بنائی گئی ادویات بلا شہد ادویات سے بہتر ثابت ہوتی ہیں۔ دنیا بھر میں سالانہ تقریباً دو سو ٹن سے زائد شہد صرف کھانسی کی مختلف دواؤں میں استعمال کیا جاتا ہے شہد سانس، دمہ نظام ہضم کی تکلیف بشمول قبض، دل، گردہ اور مثانہ کی بیماریوں، بواسیر، آنکھوں کے امراض جوڑوں کی تکلیف، سردی بلغم، نمونیہ، گلے کی خراش، مسوڑوں کی سوزش، زخموں، پھوڑوں، ناسوروں، اور السر کے اندمال کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ جلی ہوئی جگہ پر شہد کا فوراً لیپ کر دینے سے آبلے نہیں پڑتے جلن دور ہو جاتی ہے۔ نیم گرم پانی میں شہد ملا کر غرارے کرنے سے متورم گلے ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ شہد کو دودھ یا پانی میں ملا کر پینے سے یہ پیٹ کو صاف، ہاضمے کو درست اور جگر کی اصلاح کرتا ہے اس کے ساتھ ساتھ کئی دوسری بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت پیدا کرتا ہے۔ نقاہت، جسمانی اور دماغی تھکاوٹ دفع کرتا ہے شہد میں فولاد ہونے کی وجہ سے خون کے سرخ ذرات کی تعداد میں اضافہ ہو جاتا ہے بچوں کے لئے خصوصاً بہترین اور زود ہضم غذا ہے۔ یورپ کے شفا خانوں میں خاص طور پر امراض اطفال کے لئے شہد روز بروز مقبول ہوتا جا رہا ہے۔ ٹیڑھی ہڈیوں اور سوکھا پن کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات کی بجائے شہد پر زیادہ بھروسہ کیا جاتا ہے روس میں شہد کو عام طور پر مرہم کے بنیادی اجزاء کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے اور کھلے زخموں جلن اور جراثیم زدگی کے مرہم کے طور پر بھی کامیابی سے استعمال کیا جاتا ہے۔ سوات اور چترال کے علاقوں میں میدے کے ساتھ شہد ملا کر پھوڑوں کو پکانے کے لئے باندھا جاتا ہے۔ پرانی چوٹوں یا جسم پر پڑے نیل شہد لگانے سے ٹھیک ہو جاتے ہیں لہسن کا پانی ہم وزن شہد میں ملا کر پینے سے بچھو کا زہر اتر جاتا ہے۔ بعض لوگوں نے لہسن کی بجائے پیاز کے پانی کی شہد کے ساتھ آمیزش کو شہد کی مکھی اور بھڑ کی کٹی ہوئی جگہ پر لگانے کو موثر پایا ہے۔ مغربی ممالک میں گزشتہ ستر سال سے شہد کی حیاتیاتی خصوصیات کا سائنسی بنیادوں پر مطالعہ کیا گیا ہے۔ جس سے یہ معلوم ہوا ہے کہ شہد میں چند نظام انٹی بائیوٹک سرگرمیوں کے ذمہ دار ہیں۔

حکیم عبدالحق صاحب

چائے (TEA)

پاکستان میں اکثر لوگ چائے اس کثرت سے پیتے ہیں کہ ایک تو یہ صحت کی خرابی کا باعث بنتی ہے اور دوسرا پیسہ ضائع ہوتا ہے۔ چائے مزاج کے اعتبار سے گرم خشک ہوتی ہے۔ چائے آسام، چین ہندوستان اور بنگلہ دیش میں کثرت سے پیدا ہوتی ہے۔

رنگت کے اعتبار سے چائے دو قسم کی ہوتی ہے۔ ایک سبز دوسری سیاہ۔ ان کی رنگت کا یہ فرق جمع کرنے کے وقت کے اختلاف سے ہوتا ہے۔ جب چھوٹی پتیوں کو جمع کر کے بھونا جاتا ہے تو سبز چائے تیار ہوتی ہے۔ اور جب بڑی پتیوں کو جمع کر کے بھونا جاتا ہے تو سیاہ چائے تیار ہوتی ہے۔ سیاہ کی نسبت سبز چائے اچھی ہوتی ہے۔ لیکن چونکہ سبز چائے تیار کرنے میں زیادہ محنت کرنی پڑتی ہے اس لئے لوگ سیاہ چائے زیادہ استعمال کرتے ہیں۔ چائے پینے سے تھکن دور ہوتی ہے اور کام کرنے کی استعداد کسی حد تک بڑھ جاتی ہے۔ الگ الگ اشیاء سے تیار کی جانے والی (Separate) چائے بذات خود نقصان دہ نہیں بلکہ کثرت سے چائے کا استعمال اور اس کے ساتھ نشاستہ دار غذائیں مثلاً بسکٹ سموسہ، کیک، اور پیسٹری وغیرہ کھانے سے معدہ کمزور ہو جاتا ہے۔ چائے کا زیادہ استعمال صحت کیلئے مضر ہے۔ زیادہ استعمال سے غشی، چڑ چڑا پن، خفیہ امراض، بواسیر، خفقان اور ہائی بلڈ پریشر جیسی بیماریاں جنم لیتی ہیں۔

چائے کے استعمال کا صحیح طریقہ

چائے دانی میں حسب ضرورت پتی ڈال لیں اور پھر ابلتا ہوا پانی ڈال کر چند منٹ کیلئے دم کر لیں۔ دودھ الگ گرم کریں اور حسبِ ضرورت شکر اور دودھ ملا کر استعمال میں لائیں۔ قہوہ زیادہ دیر تک رکھنا یا دوبارہ ابالنا ٹھیک نہیں۔

(بقیہ صفحہ 4)

کے نامساعد اور کٹھن حالات کے باوجود نہایت وفا اور اخلاص کے ساتھ گزارا کیا اور آخر وقت تک قادیان دارالامان میں مقیم رہے۔ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے مورخہ 15 جنوری 2004ء ان تینوں درویشان کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

☆ مکرم چوہدری ظہور احمد صاحب گجراتی درویش قادیان مورخہ 28/اگست 2004ء کو وفات پا گئے۔ آپ نے نامساعد اور کٹھن حالات میں درویشی کا زمانہ مرکز سلسلہ قادیان میں اخلاص و وفا کے ساتھ گزارا۔ مورخہ 29 ستمبر 2004ء کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے آپ کی نماز جنازہ غائب پڑھائی۔

اللہ تعالیٰ ان درویشان قادیان کی خدمات اور قربانی کو قبول فرمائے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے۔ آمین

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہوتو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

(سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ربوہ)

